# ترک قوم کی اجتماعی یاد میں ترکیہ کی جنگ آزادی اور ہندوستانی مسلمانوں کی مالی امداد*

Aykut Kişmir**

**خلاصہ**

اس مضمون میں، اجتماعی یادداشت کا تصور ۱۸۷۷-۱۹۲٤ کے درمیان ترک قومی جدوجہد کے لیے برصغیر کے مسلمانوں کی حمایت کی تحقیقات کے لیے استعمال کیا گیا ہے۔ جمہوریہ ترکیہ کے قیام کے ساتھ ہی صنعتی اور مالیاتی ترقی کے لیے ایک بینک کی اشد ضرورت تھی۔ اس مجوزہ بینک کے بنیادی مقاصد میں قومی سرمائے کا موثر استعمال، صنعت کاری میں تعاون کو فروغ دینا اور قومی بینکاری کے شعبے کی قیادت کرنا شامل تھے۔ بینک کے قیام کے لیے ابتدائی سرمائے کی ضرورت کو ترک قومی جدوجہد کے لیے ہندوستانی مسلمانوں کی طرف سے اتاترک کو بھیجی گئی رقم سے بچ جانے والے پانچ سے چھ ملین ترک لیرا سے پورا کیا گیا۔ اس طرح نئے جمہوریہ ترکیہ کی بنیادی صنعتی اور تجارتی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ۲٦ اگست ۱۹۲٦ کو "IS Bank" کے نام سے ایک تجارتی بینک قائم کیا گیا۔ قومی شناخت، اجتماعی یادداشت کا ایک اہم حصہ، ماضی اور حال کے درمیان ایک فعال پل کا کام کرتی ہے۔ اجتماعی یاد میں ہونے والے واقعات، جو کہ قومی تشخص میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں، سماجی، سیاسی اور معاشی واقعات کا بھی پروجیکشن ہیں۔ اس تناظر میں، مطالعہ اس بات کا جائزہ لیتا ہے کہ ہندوستانی مسلمانوں نے ترکی کی جدوجہد آزادی کی حمایت کیوں کی، ترکوں کے ساتھ اپنے تعلقات میں خلافت کا کردار، اور مالی امداد اناطولیہ تک کیسے پہنچی اور اس کا استعمال کہاں کیا گیا، یہ سب اجتماعی یادداشت کے عینک سے کیا گیا ہے۔ ہندوستان میں جمع کیے گئے امدادی رقوم کی منتقلی میں ہلال احمر سوسائٹی کا کردار ترکی کو بھی نمایاں کیا گیا ہے۔

**کلیدی الفاظ:** برصغیر پاک و ہند، ہندوستانی مسلمان، سلطنت عثمانیہ، ترکی کی قومی جدوجہد، ہلال احمر۔

## Türk Milletinin Kolektif Hafızasında, Türk Kurtuluş Savaşı ve Hint Müslümanlarından Gelen Maddi Yardımlar

**Öz**

Bu çalışmada, öncelikle kolektif hafıza kavramı üzerinden hareket edilerek, 1877-1924 yılları arasında Alt-Kıta Müslümanlarının Türk Millî Mücadelesine verdiği destek araştırılmaktadır. Türkiye Cumhuriyeti'nin kurulmasıyla birlikte, endüstriyel ve mali kalkınmayı desteklemek için acil bir bankaya ihtiyaç duyulmuştur. Önerilen bu bankanın başlıca amaçları arasında ulusal sermayenin verimli bir şekilde kullanılması, sanayileşmede iş birliğinin teşvik edilmesi ve ulusal bankacılık sektörüne öncülük edilmesi yer alıyordu. Bankanın kuruluşu

* Araştırma makalesi/Research article. DOI:10.32330/nusha.1546803

** Doç. Dr., Ankara Üniversitesi, Dil ve Tarih-Coğrafya Fakültesi, e-posta: kismir@ankara.edu.tr, Orcid ID: https://orcid.org/0000-0003-3686-9229

Makale Gönderim Tarihi: 10.09.2024
Makale Kabul Tarihi :25.11.2024

için gerekli ilk sermaye ihtiyacı, Hintli Müslümanların Türk milli mücadelesi için Atatürk'e gönderdikleri paradan arta kalan beş-altı milyon Türk lirası ile karşılandı. Bu şekilde 26 Ağustos 1926 tarihinde Türkiye Cumhuriyeti'nin temel ticari ihtiyaçlarını karşılamak üzere "İş Bankası" adıyla bir ticaret bankası kurulmuştur.

Kolektif hafızanın önemli bir parçası olan ulus kimliği, geçmiş ile bugün arasında işlevsel bir köprü görevi görmektedir. Ulusal kimlikte kurucu bir rol oynayan kolektif hafızadaki olaylar, aynı zamanda sosyo-politik ve ekonomik olayların da izdüşümüdür. Bu bağlamda Hint Müslümanlarının Türkiye'nin bağımsızlık mücadelesine neden destek verdikleri ve Türklerle ilişkilerinde Halifelik kurumunun rolünün ne olduğu, gönderilen maddi yardımların Anadolu'ya nasıl ulaştığı ve nerelerde kullanıldığı sorularının kolektif bellek kavramına göre yeri ve önemi irdelenmiştir.

**Anahtar Kelimeler:** Hint Alt Kıtası, Hint Müslümanları, Osmanlı İmparatorluğu, Türk Millî Mücadelesi, Kızılay

**In The Collective Memory of The Turkish Nation, The Turkish War of Independence and Financial Aid From Indian Muslims**

**Abstract**

In this study, the concept of collective memory is used to investigate the support of the Muslims of the Subcontinent for the Turkish National Struggle between 1877-1924. With the establishment of the Republic of Türkiye, there was an urgent need for a bank to support industrial and financial development. Among the prime objectives of this proposed bank were the efficient utilization of national capital, the promotion of cooperation in industrialization, and leading the national banking sector. The initial capital requirement for the establishment of the bank was met with five to six million Turkish Liras left over from the money sent to Atatürk by the Indian Muslims for the Turkish national struggle. In this way, a commercial bank named "IS Bank" was established on 26 August 1926 to meet the basic industrial and commercial needs of the new Republic of Türkiye.

Nation identity, an important part of collective memory, serves as a functional bridge between the past and the present. The events in collective memory, which play a constitutive role in national identity, are also the projection of socio-political and economic events. In this context, the study examines why Indian Muslims supported Türkiye's struggle for independence, the role of the Caliphate in their relations with the Turks, and how financial aid reached Anatolia and where it was utilized, all through the lens of collective memory. The role of the Red Crescent Society in transferring aid funds collected in India to Türkiye has also been highlighted.

**Keywords:** Indian Subcontinent, Indian Muslims, Ottoman Empire, Turkish National Struggle, Red Crescent.

**Structured Abstract**

One of the cornerstones of identity construction is memory. Memory helps to bring together images of society to evaluate the past naturally and objectively concerning the present. The purpose of history is to collect and organize information about the past. The task of the historian is, therefore, to establish historical facts objectively. Memory researchers in cultural studies associate memory with history, society and identity. We see memory as “the place where the past lives in the present”. “The past does not appear in our minds as a thought, it exists in the present and the moment”. A more generalized point of view is put forward, stating that the past can only emerge if one is in a relationship with it. War is a traumatic event in the collective memory of a nation, which functions as a lever for the formation and maintenance of this feeling by individuals who have the same feelings and thoughts in the collective memory of a nation, and often contains a narrative load developed through common suffering.

This paper explores the assistance provided by Indian Muslims to the Turkish national struggle during the years 1877- 1924. The research examines how Indian Muslims contributed to this cause and the role of the Caliphate in shaping relations between Indian Muslims and the Turks. Key questions, such as how remittances reached Anatolia and where they were utilized, are discussed in detail. During the 1877-1878 Ottoman-Russian War, also known as the 93 War, the Muslim community in India provided significant aid to the Ottoman Hilâl-i Ahmer Society. Large donations were collected from many cities and towns across India.

In 1897, during the Ottoman-Greek War, Indian Muslims did not hesitate to provide material and moral aid. They sent the sums they collected for aid to the Ottoman Government. The Muslims of India provided the greatest support from the Islamic world for the Hejaz Railroad, a very important project of the reign of Abdul Hamid II. The collected money was sent to Istanbul very quarter. Likewise, it was Indian Muslims who provided the most aid to the Navy Society, which was established to increase the Ottoman power at sea. Large amounts of aid flowed to the Istanbul Government from cities such as Bombay, Calcutta, Rampur, Rangoon, Madras and Hyderabad. The Tripolitan War, which started in September 1911 when Italy landed troops in Tripolitania, affected Indian Muslims deeply, as it affected the Muslims of the world in general. One of the first steps taken to heal the wounds of the Muslims who suffered in the war was the establishment of the Ottoman Hilâl-i Ahmer Society

Relief Committee in Calcutta. For this purpose, the Committee sent a medical delegation and medical supplies to Tripoli in May 1912 under the leadership of Dr. Mukhtar Ahmed Ansari. The assistance of the Muslim people of India, who also provided cash aid to the Ottoman soldiers in distress, during and after the war, was extremely meaningful. They stood by us in our worst days by providing cash aid to the heirs and wounded of the Tripolitania mujahideen. During the Balkan War that broke out in Rumelia, Indian Muslims took the first place in the Islamic world with their help and sacrifices for the Ottoman Empire. Along with this, the role of Red Crescent Society in transferring aid funds collected in India to Türkiye has also been highlighted. With the establishment of the Republic of Türkiye, there was an urgent need for a bank to support industrial and developmental developments. Among the prime objectives of this proposed bank are efficient utilization of national capital, promotion of cooperation in industrialization and being at the forefront of the national banking sector. The initial capital requirement for the establishment of the bank was met with five to six million liras left over from the money sent to Atatürk by the Indian Muslims for the Turkish national struggle. In this way, a commercial bank named "IS Bank" was established on 26 August 1926 to meet the basic industrial and commercial needs of the new Republic of Türkiye.

Financial aids collected by the Muslims of India for the Turkish national struggle was channelled through various institutions. Among these institutions were banks and institutions like Rome Bank, Iran Bank, Holland Trading Company, Bombay Afghanistan Consul, and Imperial Bank of India. Al-Madd Tournament Committee collected two thousand rupees as aid for Turkey. According to Khan (1993), on December 7, 1922, the Government of India provided information to the Ministry of External Affairs to transfer 18,000 British pounds through Iran Bank and Holland Trading Society. In addition, on January 20, 1913, Muhammad Qaim Ali transferred an amount of two hundred British pounds to Anjuman Hilal Ahmar through the National Bank of India in London. Similarly, Akram Khan and Madir Mohammadi from the Calcutta branch of Indian National Bank paid 700 pounds per year to Osmani Bank, apart from receiving money through banks and institutions, the Turkish Red Crescent Society visited India twice. The funds received by the association in the form of coins and machinery was sold and converted into Rs.

**تعارف**

یادداشت انسان کی شناخت کی تعمیر کے اہم سنگ بنیادوں میں سے ایک ہے۔ یادداشت موجودہ زمانے کے تناظر میں ماضی کے تصور کی فطری اور غیر جانبدارانہ عکس بندی میں کسی معاشرے کے حالات وواقعات کو اکٹھا کرنے میں مدد دیتی ہے۔ تاریخ کا مقصد ماضی کے بارے میں معلومات جمع کرنا اور ترتیب دینا ہے۔ لہذا، ایک مورخ کا بنیادی فرض تاریخی حقائق کا معروضی طور پر تعین کرنا ہے(Kişmir, 2023, s.988)۔

ثقافتی مطالعات میں، یادداشت کے محققین یادداشت کو تاریخ، معاشرے اور شناخت کے تصورات سے جوڑتے ہیں (Kişmir, 2022, s.815) ۔ ہم یادداشت کو "ایک ایسی جگہ کے طور پر دیکھ سکتے ہیں جہاں ماضی حال میں رہتا ہے۔" "ماضی ہمارے ذہنوں میں ایک خیال کے طور پر ظاہر نہیں ہوتا ہے؛ بلکہ ہمہ وقت ایک حقیقت کے طور پر موجود رہتا ہے (Gençoğlu 2015,s. 332) "۔ یہاں ایک عمومی نقطہ نظر کو سامنے رکھتے ہوئے یہ بیان کیا گیا ہے کہ ماضی صرف اس صورت میں ایک حقیقت بنتا ہے جب ہم اپنے آپ سے تعلق رکھتے ہیں۔

Assmann,2007 اپنے کام میں، "Geschichte im Gedächtnis"کے عنوان سے نے کہا ہے کہ ماضی حال کی سمت متعین کرتا ہے اور مستقبل کی توقعات پر اثر انداز ہوتا ہے۔ وہ اس رائے کا دفاع کرتی ہیں کہ یادداشت کے نظریات کے تناظر میں واقعات، حکایات، یاد رکھنا اور بھولنا، جذبات ، خیالات اور صدمے عام طور پر اجتماعی یادداشت کے موضوع سے منسلک ہوتے ہیں(Kişmir, 2019:58) ۔



جنگ ایک تکلیف دہ چیزہے جو کسی قوم کی اجتماعی یادداشت میں یکساں جذبات اور خیالات رکھنے والے افراد کے ذریعے ایک ایسے احساس کو تشکیل دیتا ہے جس میں اجتماعی درد اور تکلیف کی جھلک نظرآتی ہے ۔

ایک مصنف کے تجربے اور مہارت کی بدولت افراد کی گفتگو میں ان کی یادیں، تجربات، کہانیاں یا وجدان ادبی طور پر اجتماعی یادداشت کی عکاسی کر سکتے ہیں (Kişmir, 2017, s.258)۔ تاہم، بیانیے میں بہت سے عوامل جیسے جنگ کے فریقوں کی کثرت اور عالمی سیاسی منظر نامے پر ان کے اثرات، جس علاقے پر جنگ ہوتی ہے اس کا حجم، مادی اور انسانی نقصانات کی شرح، اور شرکاء کی صورتحال،خاص طور پر اگر وہ بڑی طاقتیں ہیں، اور تمام بین الاقوامی تعلقات پر جنگ کے اثرات شامل کرکے اسے مزید مضبوط کیا جاسکتا ہے۔

ایک نسل کے افراد جنہوں نے ایک ہی دور میں سماجی، سیاسی اور ثقافتی واقعات کا مشاہدہ کیا ہو ان کے احساسات اور جذبات بھی ایک جیسے ہوتے ہیں۔ گروپ کے اجتماعی تجربات ان کے دور کی شناخت کی عکاسی کرتے ہیں (Kişmir,2023s.33) ۔ یہ ان کہانیوں پر مشتمل ہے جن میں ان لوگوں کی ہمت اور قربانی کی مثالیں ہیں جو جنگ کی وجہ سے موت، بھوک، بیماری اور نفسیاتی عوارض جیسے حالات کا سامنا کرتے ہیں۔

## تاریخ

مسلمانانِ ہند اور ترکوں کے درمیان موجود تاریخی تعلقات کی بنیاد بہت پرانی ہے۔ یہ تعلقات سنہ ۷۱۲ءمیں محمد بن قاسم کی طرف سے سندھ کی فتح کے ساتھ شروع ہوتے ہیں ۔ دسو یں اور گیارہویں صدی عیسوی میں ہندوستان آنے والے ترکوں نے شمالی ہند میں غزنی سلطنت کی بنیاد رکھی۔ غزنی سلطنت کے قیام کے ساتھ ہندوستان میں ترکی النسل حکمرانوں کا اقتدار و تسلط مضبوط ہوا اور یوں ترک مسلم تہذ یب و ثقافت کے اثرات پورے ٖعلاقے میں تیزی کے ساتھ پھیلنے شروع ہو گئے۔ وسط ایشیا کی طرف سے آنے والی حملہ آور افواج کی نظر میں ہندوستان ایک جاذب اور پر کشش علاقہ کی حیثیت رکھتا تھا۔ غزنوی سلطنت کے بعد بالتر تیب غوری سلطنت ، دہلی سلطنت اور آخر میں سنہ ۱۵۲۶ءمیں شہنشاہ بابر کی طرف سے بنیاد دی گئ ہند ترک سلطنت نے سنہ ۱۸۵۷ء تک ہندوستان پر حکومت کی۔ اس کے نتیجے میں ہندوستان میں ترکوں اور ترک انتظامی امور کے مستحکم اور دیر پااثر ات نفوذپذیر ہونا شروع ہوئے۔

فاوق کے مطابق محمود غزنوی، بلبن، غوری ، ایبک، التتمش، تغلق اور بابر جیسے حکمرانوں کے صرف نام ہی ان کے ترک ہونے پر دلالت نہیں کرتے بلکہ ان کا نسلی طور پر بھی ترک ہونا ثابت شدہ ہے

Fauk, 1979)).



انیسویں صدی عیسوی کے وسط میں ۱۸۵۷ء کی جنگِ آزادی کی نا کامی کے نتیجے میں ہند ترک سلطنت[1] ختم ہو گئی اور انگریزوں نے ہندوستان پر حکومت کرنا شرو ع کردی۔ ہندوستان پر انگریزوں کے تسلط سے ترکوں کے ہند وستان کے ساتھ تعلقات پر منفی اثر ات پڑے۔ لیکن اس کے با وجود ترک اسلامی تہذ یب کے ہندوستان اور مسلمانان ہند پر ثبت شدہ دیر پا ا ثرات ا پنی یگانہ حیثیت میں باقی رہے۔ خصوصا ترکی کی جنگِ آزادی کے دوران مسلمانِ ہند کی طرف سے بھیجی گئ امداد سلطنت عثما نیہ کے ساتھ ان کی وابستگی کی نشاند ہی کرتی ہے۔

یعوذ سلطان سلیم کے دورِ حکومت میں سنہ ۱۵۱۷ءمیں مصر اور حجاز کے علاقوں کی فتوحات کے بعد اسلامی خلافت کا پایہ تخت سلطنتِ عثمانیہ کی طرف منتقل ہو گیا۔ سلطنتِ عثمانیہ کا مر کزِ خلافت بننا دنیا کی دیگر اسلامی ریا ستوں کی نظر میں اس کے وقار اور شان کی بلندی و مضبوطی کی نشاند ہی کرتا تھا۔ اس حیثیت سے دیکھا جائے تو خلافت سے متعلق تمام مسلمان ایک طرف سے سلطنتِ عثمانیہ سے وابستہ تھے۔ یہی وجہ ہے کہ اس دور میں سلطنتِ عثمانیہ اور ہندوستان کے مسلمانوں کے درمیان بھی اتحاد اور یگانگت میں کئی گنا اضافہ ہوا۔

سلطنتِ عثمانیہ اور مسلمانانِ ہند کے مابین تعلقات کی مضبوطی اور ترویج کے سلسلے میں قانونی سلطان سلیمان کے دورِ حکومت میں سلطنتِ عثمانیہ کی طرف سے ہندوستان کے لئے ترتیب دی گئی بحری مہمات نے بھی بہت اہم کردار ادا کیا۔ اس دور میں ہندوستان کے لئے چار بجری مہمات ترتیب دی گئیں۔ بایور (۱۹۸۷)کے مطابق ان بجری مہمات کا بنیادی مقصد پر تگالیوں کے ہندوستان پر

اثر ورسوخ کی روک تھام کرنا اور کمی لانا تھا۔ اس کے ساتھ ساتھ ہندوستان کی بحیرہ روم میں تجارتی سرگرمیوں پر نظر رکھنا اور حجاج کے لئے محفوظ سفر کی فراہمی بھی ان مہمات کے پیشِ نظر تھا(Bayur, 1987).

سنہ ۱۸۷۶ء کے آنے تک سلطنتِ عثمانیہ کی منظم انتظامی صلاحیتوں اور اس کے اقتدار و قوت میں وہ پہلی سی شان نہ رہی۔ سلطان عبدالحمید ثانی دوم ایک ایسے دور میں تخت نشین ہوا جب کہ سلطنتِ عثمانیہ کئی قسم کے سنجیدہ مسائل کا شکار تھی۔ روس کے ساتھ جنگ اور ملک کے کئی علاقوں میں خانہ جنگیوں سے نبرد آزما ہو نے کے باعث ریاست کی معشیت تباہی کے دھانے پر پہنچ چکی تھی۔ اس کے ساتھ ساتھ بیرونی قرضہ جات میں بھی کئی گنا اضافہ ہو چکا تھا۔ یورپ کے بعض ممالک کی مداخلت کے باعث سلطنتِ عثمانیہ کے اندرونی مسائل اور زیادہ خراب صورتحال سے دو چار ہونے لگے۔ جنگِ کریمیا کے خاتمے پر طے پائے گئے معاہدہ پیرس (۱۸۵۶) نے اگر چہ مختصر عرصہ کے لئے سلطنتِ عثمانیہ کو علاقائی سا لمیت فراہم کردی مگر سنہ ۱۸۷۰ ء سے شروع ہونے والے واقعات و حوادث نے سلطنت کو انتہائی پیچیدہ اور دشوار حالات سے دو چار کر دیا(Gültekin, 2009).

سلطان عبدالحمید ثانی دوم، خلافت کے توسط سے عالمی اتحادِ اسلام کو متحرک کر کے سلطنتِ عثمانیہ کی زمین سے یورپی سامراج اور بیرونی مداخلت کو ختم کرنا چاہتا تھا۔ اس کی خواہش تھی کہ سامراجی طاقتوں کی طرف سے تمام دنیا کے اسلامی ممالک پر حاصل شدہ غلبہ اور برتری کو ختم کیاجائے۔ سلطان عبدالحمید دوم دنیا کے تمام مسلمانوں کو متحد کرنے کا ارادہ رکھتا تھا۔ اس مقصد کے حصول کی خاطر اس نے خلافت کے تمام ممکنہ وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے انڈونیشیا ، فلپائن، چین، ہندوستان اور افریقہ جیسے دور دراز کے علاقوں میں بسنے والے مسلمانوں سے رابطے کی خاطران ممالک میں وفود بھیجے اور مسلمانوں کے درمیان اتحاد ، اخوت اور بھائی چارے کے فروغ کے کاموں میں بھی مدد دی۔ اس کے نتیجے میں جلدہی دنیا کے کئی علاقوں سے خلیفہ سے وابستگی کے ٹیلیگرام موصول ہونے کے ساتھ خلیفہ سے ملاقات کے لئے دوسرے ممالک کے وفود بھی آنا شروع ہوگئے۔ سنہ ۱۹۰۴ ء میں جاپان کی روس کے خلاف جنگ میں فتح نے سلطان عبدالحمید ثانی دوم کی توجہ اس جانب مبذول کی۔ مغرب کے خلاف مشرقی اقوام کو فتح یاب کرنے والی جاپان روس جنگ کے بعد سلطان عبدالحمید ثانی دوم نے جاپان کی حمایت حاصل کرنے اور اسلام کے تعارف کی خاطر " ایرتغرل" نامی بحری جہاز کے ذریعے جاپان کی طرف ایک وفد بھجوایا۔ سلطان عبدالحمید ثانی دوم کی طرف سے جاپان کی طرف بھجوایا گیا "ایرتغرل" بحری جہاز جب ہندوستان میں بمبئی کی بندرگاہ پر پہنچا تو ہندوستان کے مسلمانوں نے اس کا والہانہ خیر مقدم کیا ۔ ہندوستان کے مسلمانوں نے سلطنتِ عثمانیہ کی طرف سے آنےوالے ایرتغرل جہاز میں بہت زیادہ دلچسپی کا مظاہرہ کیا اور جہاز کو آزاد اسلامی سرزمین کے طور پر مانتے ہوئے یہاں نماز پڑھنے کے لئے انتہائی جوش و جذبہ کا اظہار کیا۔ ان واقعات نے سلطان عبدالحمید ثانی دوم کے دورِ

حکومت میں خلافت کے ادارے میں ایک نئی روح پھونک دی (Öke,1988, s.11, Keskin, 1991, s.13, Özcan, 1997, s.130).

سنہ ۱۸۵۷ء کی جنگِ آزادی کی نا کامی کے بعد انگریزوں نے ہندوستان پر کئی سالہ اقتدار رکھنے والی ہند ترک سلطنت کا خاتمہ کر دیا اور ہندوستان پر ایسٹ انڈیا کمپنی کی حکومت قائم ہوگئی۔ اس دور میں ترکوں کے ہندوستان کے ساتھ تعلقات کمزور ہو گئے جس سے باہمی دو طرفہ تعلقات پر منفی اثرات پڑے۔ سلطان عبدالحمید ثانی دوم کی حکمتِ عملی سے ترکوں کا دنیا کے دوسرے علاقوں کی طرح ہندوستان پر بھی چاہے جیسا ہی اثر پڑا ہو جنگِ عظیم اول کے آغاز نے ان کے تمام مقاصد اور ارادوں پر پانی پھیر دیا۔

1877-1878کی عثمانی-روسی جنگ کے دوران، جسے ہم جنگ '۹۳' کہتے ہیں، ہندوستانی مسلم آبادی نے عثمانی ہلال احمر سوسائٹی کو نمایاں مدد فراہم کی۔ ہندوستان کے کئی شہروں اور قصبوں میں بھاری امداد اکٹھی کی گئی۔

1897میں شروع ہونے والی یونانی-عثمانی جنگ کے دوران ہندوستانی مسلمانوں نے مادی اور اخلاقی امداد فراہم کرنے میں کوئی ہچکچاہٹ محسوس نہیں کی۔ انہوں نے امداد کے لیے جمع کی گئی رقم عثمانی حکومت کو بھیج دی۔ عبدالحمیدثانی دوم کے دور کے ایک بہت اہم منصوبہ، حجاز ریلوے کے لیے عالم اسلام کی طرف سے سب سے زیادہ تعاون ہندوستان کے مسلمانوں کی طرف سے آیا۔ جمع کی گئی رقم تین ماہ کی مدت میں استنبول بھیجی گئی۔ اسی طرح سمندر میں سلطنت عثمانیہ کی طاقت بڑھانے کے لیے قائم کی گئی نیول سوسائٹی کو سب سے زیادہ مدد فراہم کرنے والے بھی ہندوستانی مسلمان تھے۔



بمبئی، کلکتہ، رام پور، رنگون، مدراس اور حیدرآباد جیسے شہروں سے استنبول حکومت کو امداد کی ایک بڑی رقم پہنچی۔ ستمبر ۱۹۱۱ میں طرابلس میں اٹلی کی فوجوں کے اترنے سے شروع ہونے والی جنگ طرابلس نے پوری دنیا کے مسلمانوں کے ساتھ ساتھ ہندوستان کے مسلمانوں پر بھی گہرے اثرات مرتب کیے۔ جنگ میں پہنچنے والے مسلمانوں کے زخموں پر مرہم رکھنے کے لیے اٹھائے گئے اولین اقدامات میں کلکتہ میں عثمانی ہلال احمر سوسائٹی کے لیے امدادی کمیٹی کا قیام تھا۔ اس مقصد کے لیے کمیٹی نے مئی ۱۹۱۲ میں ڈاکٹرمختار احمد انصاری کی سربراہی میں طرابلس کے لئے ایک طبی وفد اور صحت کا سامان بھیجا ۔ ہندوستانی مسلمان عوام کی جاری امداد، جنہوں نے جنگ کے دوران اور بعد میں ضرورت مند عثمانی فوجیوں کو مالی امداد بھی فراہم کی، انتہائی معنی خیز تھی۔ وہ طرابلس مجاہدین کے ورثاء اور زخمیوں کی مالی امداد کرکے ہمارے بدترین دنوں میں ہمارے ساتھ کھڑے رہے۔ رومیلیا میں شروع ہونے والی بلقان جنگ کے دوران، ہندوستانی مسلمانوں نے سلطنت عثمانیہ کے لیے اپنی امداد، مہربانی اور قربانیوں سے اسلامی دنیا میں پہلا مقام حاصل کیا۔

ہندوستان میں قائم ہلال احمر کی تنظیموں نے بلقان کی جنگوں میں بھی حصہ لیا اور اس مقصد کے لیے انہوں نے ڈاکٹروں کو محاذ پر بھیجنے کے ساتھ دوائیاں اور صحت کا دیگر سامان بھی بھیجا(İzgöer, 2015,s.103)۔

آج کی انجمن ہلال احمر کی بنیاد پہلی دفعہ سنہ ۱۸۶۸ء میں انجمنِ امداد و تعاون برائے مجروح و معذور فوجی کے طور پر رکھی گئی۔ اس انجمن کے بننے کی تاریخ ۱۱جون سنہ ۱۸۶۸ء کو انجمن ہلالِ احمر ترکی کے قیام کی باضابطہ تاریخ کے طور پر قبول کرلیا گیا۔ ۱۹ اپریل سنہ ۱۸۷۷ء میں اس انجمن کا نام با ضا بطہ طور پر انجمنِ ہلالِ احمر عثمانیہ رکھا گیا۔ دو بارہ اسی انجمن کا نام ۲۹ نومبر سنہ ۱۹۲۲ء میں انجمنِ ہلالِ احمر ترکی ہوگیا۔ ۲۸اپریل ۱۹۳۵ ء میں اس ایسوسی ایشن کا نام انجمن کیزلائی ترکی ہوا اور آخر میں ۲۲ستمبر ۱۹۴۷ء کو ترکی کیزلائی ایسوسی ایشن کے طور پر انجمن نے اپنا موجودہ نام حاصل کیا .(arşiv.kizilay.org.tr/tarihçe).

سنہ ۱۸۷۸-۱۸۷۷میں سلطنتِ عثمانیہ اور روس کے درمیان ہونے والی جنگ میں سلطنتِ عثمانیہ کی افواج کو بھاری جانی نقصان اٹھانا پڑا۔ روسی افواج نے ارضِ روم کے شہر تک پیش قدمی کرتے ہوئے اپنا تسلط جمالیا۔ دورانِ جنگ سلطنتِ عثمانیہ کی طرف سے زخمی فوجیوں کی مناسب دیکھ بھال کا انتظام نہ ہو سکا۔ اس جنگ میں انجمنِ ہلالِ احمر عثمانیہ نے پلونہ کے دفاع کے موقع پر پہلی دفعہ اپنی افاد یت کی ثابت کیا۔ اول اقدام کے طور پر ۴۰۰۰ کے قریب زخمی فوجیوں کا علاج معالجہ کیا گیا۔ مزید بر آں محاذِ جنگ کے پیچھے نو عدد عارضی ہسپتال اور استنبول میں چار ابتدائی طبی امداد کے مراکز قائم کیے گئے۔ اس دور میں دوسرے ممالک کے مسلمانوں، جن میں ہندوستان اور افریقہ سرِ فہرست تھے، کی طرف سے بھی امداد بھجوائی گئی جس کی مالیت تقریبا ۷۲۰۰۰ سونے کے سکوں کے برابر تھی .(Polat, 2007)

ہلالِ احمر نے روس کی جنگ میں بہت اہم کردار ادا کیا ۔ انجمن کی جانب سے کیے گئے عارضی ہسپتالوں میں ۲۵۰۰۰ کے قریب زخمی اور بیمار فوجیوں کا علاج کیا گیا ۔ ان زخمی اور بیمار فوجیوں کی دیکھ بھال پر خرچ ہونے والی رقم کا ذریعہ دوسرے ممالک کے مسلمانوں کی طرف سے بھیجی گئی امداد پر مشتمل تھا کہ جس میں ایک بڑا حصہ ہندوستان کے مسلمانوں کا تھا-Akgün). . Uluğtekin, 2000)

بیرونِ ممالک سے آنے والی امداد صرف مالی سطح تک ہی محدود نہ تھی۔ ہلالِ احمر عثمانیہ نے ڈاکٹر وں اور نرسوں کی انتہائی ضرورت کے ساتھ ساتھ مختلف امور سر انجام دینے کے لئے رضاکاروں کی ضرورت کا علان بھی کیا۔ اس ضرورت کو پورا کرنے کے لئے مختلف ممالک سے آنے والے امدادی گروپ اور وفود میں شامل افراد نے پسِ محاذ اور عارضی ہسپتالوں میں امدادی مور انجام دیے۔ اس سلسلے میں ہندوستان سے آنے والے رضاکار بھی خدمت میں پیش پیش تھے۔

ینی آراس (۲۰۰۰) کے بیان کے مطابق لندن میں تعلیم حاصل کرنے والے ہندوستانی طلبا کے وفد نے استنبول آتے ہوئے حیدرپاشا اور عمر لی کے ہسپتالوں میں رضاکارانہ طور پر فرائض ادا کئے ۔ اس کے بعد دو بارہ ہندوستان سے ہی "بمبئی غرباء

اسلام" نامی ایک اور وفد ۱۷ستمبر سنہ ۱۹۱۱ءمیں استنبول آیا۔ ایک اور گروپ ۷ جنوری سنہ ۱۹۱۳ء کو پہنچا۔ امداد کے مقصد کےلئے آنے والے ہندوستانی مسمانوں نے محاذِ جنگ میں قائم ہنگامی ہسپتالوں کے ساتھ ساتھ حیدر پاشا، دارلفنون اور قادرگاہ کے ہسپتالوں میں بھی خدمات سر انجام د یں.(Polat, 2007)

مسلمانانِ ہند کی طرف سے ترکی کی امداد کے لئے مختلف تاریخوں میں رقم بھجوائی گئی۔ جنگِ آزادی کے دوران بھجوائی گئی رقوم مصطفی کمال پاشا کی سحر انگیز شخصیت کے نام بھجوائی جاتی تھیں۔ ہندوستان کی خلافت کمیٹی کی جانب سے ۲۶ دسمبر سنہ ۱۹۲۱ء سے ۱۲ اگست سنہ ۱۹۲۲ء تک کے عرصے میں بھجوائی جانے والی رقم کی مالیت ۶ لاکھ۷۵ ہزارچار سو چورانوے ترک لیرا کے برابر تھی۔ یہ رقم مصطفی کمال پاشا کے صوابدیدی اختیار پر سلطنت عثمانیہ کے بینکوں میں حفاظت رکھوا دی گئی۔ یہاں تک کہ انتہائی شورش زدہ دور میں بھی عقلمندی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اس رقم کو چھوا تک نہ گیا۔ بڑے حملے سے پہلے مصطفی کمال پاشا نے یہ رقم عارضی طور پر خزانے میں جمع کروا دی۔ بڑے حملے میں یونانیوں کی طرف سے پھیلائی گئی تباہی اور قتلِ عام کے نتیجے میں پیدا شدہ تکلیفوں اور دکھوں کا مداوا کرنے لئے اس رقم کا ایک حصہ متاثرین عوام میں تقسیم کر دیا گیا۔

۵ مارچ سنہ ۱۹۲۲ء میں محمد علی جوہر، اسد فواد تغائی کو بھجوائے گئے اپنے خط میں مصطفی کمال پاشا کی تعریف میں یوں لکھتے ہیں: ’’مصطفی کمال نے معجزہ کر دکھایا۔ آپ نہیں جان سکتے کہ مسلمانانِ ہند مصطفی کمال پاشا کو کس قدر چاہتے ہیں‘‘ ۔اسی طرح مارچ سنہ ۱۹۲۲ء میں محمد علی جوہر کے سیکرٹری حسن محمود حیات کی طرف سے جناب فواد صاحب کو لکھے گئے خط میں یہ بیان قابل غور ہے: ’’ہندوستان کے مسلمانوں میں سے خصوصاً غریب اور متوسط طبقے کے افراد انقرہ کے لئے مالی مدد کی دوڑ میں ایک دوسرے پر سبقت حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ گزشتہ چھ ماہ کے دوران ہم نے ستر ہزار پاونڈ کی رقم بھجوائی ہے۔ اللہ کی عنایت سے جلد ہی اس سے دگنی رقم بھجوانے کے لئے پر امید ہوں۔ اللہ مصطفی کمال پاشا کے لشکر کی امداد فرمائے۔ .(Khan,1988)‘‘خان کے بیان کے مطابق مسلمانان ہند نے حکومت برطانیہ کی جانب سے قید کر لیے جانے کے خطرے کے باوجود ترکی کی قومی جدوجہد میں امداد جاری رکھی۔ تاہم تیس ہزار مسلمانان ہند کی جانب سے جاری کردہ امدادی مہم کی وجہ سے حکومت برطانیہ کی جانب سے قید کئے جاسکتے تھے۔ اس کے علاوہ دنیا کے کئی علاقوں سے مختلف مراکز، اداروں اور تنظیموں کے توسط سے ترکی کی قومی جدوجہد کے لئے امداد کی گئی۔ اس رقم میں ایک بہت بڑا حصہ مسلمانانِ ہند کی طرف سے بھجوائی گئی رقم پر مشتمل تھا جو ایک ملین ترک لیرا سے بھی زیادہ تھی۔ خان کے مطابق یہ معاملہ بہت مشکل اور بحث طلب ہے کہ مسلمانانِ ہند کی طرف سے بھجوائی گئی رقم کی اصل مقدار کتنی تھی۔ تاہم یہ بات نہایت توجہ طلب ہے کہ بھیجی گئی رقم کی مقدار قریباً ایک لاکھ پچیس ہزار برطانوی پاونڈکے برابر تھی (Khan, 1993, s. 205)۔

**نتیجے**

نتیجے کے طور پراس مقالے میں سنہ ۱۸۷۷-۱۹۲٤ کے دوران مسلمانان ہند کی طرف سے ترکی کی قومی جدوجہد میں امداد کے موضوع پر تحقیق کی گئی ہے۔اس کے

ساتھ ساتھ اس تحقیقی مقالہ میں، مسلمانان ہند نے ترکی کی قومی جدوجہد کے لئے کیونکر مدد کی؟مسلمانان ہند اور ترکوں کے درمیان تعلقات میں خلافت کا کیا کردار تھا؟ بھجوائی گئی مالی امداد اناطولیہ تک کیسے پہنچی؟اور کہاں استعمال کی گئی؟، جیسے اہم سوالات سے متعلقہ حقائق پر مفصل بحث کی گئی ہے۔ اس کے ساتھ ہندوستان میں جمع شدہ امدادی رقوم کی ترکی کو منتقلی میں انجمن ہلال احمر کے کردار پر بھی تفصیلی روشنی ڈالی گئی ہے۔

ترکیہ جمہوریہ بننے کے ساتھ ہی صنعتی و ترقیاتی پیش رفت کے سلسلے میں تعاون کے لئے ایک بینک کی شدت سے ضرورت محسوس ہوئی۔ اس تجویز کردہ بینک کے اولین منتخب اہداف میں قومی سرمائے کا موثر استعمال، صنعت کاری میں تعاون کا فروغ اور قومی بینکاری کے شعبے میں صف اول میں شمار جیسے اہداف نہایت اہمیت کے حامل ہیں۔ بینک کے قائم کرنے کے لئے ابتدائی سرمایہ کی ضرورت مسلمانانِ ہند کی جانب سے ترکی کی قومی جدوجہد کے لئے اتاترک کو بھجوائی گئی رقم میں سے بچ رہنے والی پانچ سے چھ لاکھ لیرا کی رقم سے پوری کی گئی۔ اس طرح نوزائیدہ ریاست ترکیہ جمہوریہ کی بنیادی صنعتی و تجارتی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے ۲۶ اگست سنہ ۱۹۲۶ء میں ’’ترکیہ اش بنک سہ‘‘ کے نام سے ایک کمرشل بینک قائم کیا گیا۔

مسلمانانِ ہند کی طرف سے ترکی کی قومی جدوجہد کے لئے اکٹھی کردہ امداد مختلف اداروں کے توسط سےبھجوائی جاتی تھی۔ ان اداروں میں، روم بینک، ایران بینک، ہالینڈ کی تجارتی کمپنی، بمبئی افغانستان قونصل، امپیریل بینک ہندوستان جیسے بینک اور ادارے شامل تھے۔ ترکی کے لئے امداد کے طور پر ’’ المدد ٹورنامنٹ کمیٹی‘‘ نے دو ہزار روپے اکٹھے کیے۔ خان (۱۹۹۳) کے مطابق ۷ دسمبر سنہ ۱۹۲۲ء میں ایران بینک اور ہالینڈ ٹریڈنگ سوسائٹی کے توسط سے کل ۱۸۰۰۰برطانوی پاونڈ کی رقم منتقل کرنے کے لئے حکومت ہندوستان کی وزارت خارجہ کو معلومات فراہم کیں۔ اس کے علاوہ ۲۰ جنوری سنہ ۱۹۱۳ء میں لندن ہند قومی بینک کے توسط سے محمد قائم علی کی طرف سے انجمن ہلال احمر کو دو سو برطانوی پاونڈ کی رقم منتقل کی گئی ۔ اسی طرح ہند قومی بنک کے کلکتہ شعبے سے اکرم خان اور مدیر محمدی کی طرف سے عثمانی بنک کو ۷۰۰ پاونڈ ار سال کئے گئے بینکوں اور اداروں کے توسط سے رقم وصول کرنے کے علاوہ ترکی کی انجمن ہلال احمر نے دو دفعہ ہندوستان کا دورہ کیا۔ انجمن کو سکوں کی شکل میں وصول شدہ رقم اور مشینی آلات کو بیچ کر روپے میں تبدیل کروا لیا گیا۔

حوالہ جات

Akgün, S. K.-Uluğtekin M. (2000). Hilâl-i Ahmer'den Kızılay'a, Ankara: Beyda Basımevi.

Bayur, Y. H. (1987). Hindistan Tarihi, c.3, Ankara: TTK.

Fauk, H. (1979). Atatürk (Urduca Yayınlarda) Ankara: Ankara Üniversitesi Dil ve Tarih-Coğrafya Fakültesi Yayınları.

Gençoğlu, A. (2015). Türk Ulusal Kimliğinin Kurucu Bir Ögesi Olarak Kolektif Bellek: Okul Ders Kitaplarında Çanakkale Savaşı Anlatıları, İletişim Kuram ve Araştırma Dergisi- Sayı 41 / Güz, s. 331-351.

Gültekin, A. (2009). Millî Mücadele Döneminde Hindistan Müslümanları ile Ankara Hükümetleri Arasındaki Münasebetler (1918-1924). Yüksek Lisans Tezi, Balıkesir: Balıkesir Üniversitesi Sosyal Bilimler Enstitüsü Tarih Anabilim Dalı.

İzgöer, A. Z. (2015). 1911-1913 (1329-1331) Tarihli Osmanlı Hilâl-i Ahmer Sâlnâmesine Göre Balkan Savaşları Sırasında Hint Müslüman Halkının Osmanlı'ya Yardımları. Journal of History and Future Cilt: 1, Sayı: 1, Aralık 2015. s. 99-171.



Keskin, M. (1991). Hindistan Müslümanlarının Millî Mücadele'de Türkiye'ye Yardımları (1919–1923), Kayseri: Erciyes Üniversitesi Yayınları.

Khan, A. A. (1993). Hint Müslümanlarının Türk Kurtulus Hareketine Mali Yardımı (1919–1923). (A. Özgiray, Çev.) Tarih İncelemeleri Dergisi 8, İzmir: Ege Üniversitesi Edebiyat Fakültesi Yayınları.

Kişmir, G. (2017). Uwe Timm'in "Kardeşimin Örneğinde" (Am Bespiel meines Bruders) Bellek Yansımaları, Dil ve Tarih-Coğrafya Fakültesi Dergisi, sayı 57.1, s. 257-273.

Kişmir, G. (2019). Almanya'da II. Dünya Savaşı Sonrası Yaşanan Bellek Patlamasına Tarihi Bakış. SEFAD, sayı 41, s. 49-62.

Kişmir, G. (2022). Bernhard Schlink'in "Okuyucu" (Der Vorleser) Romanında Kolektif Suç, Anımsama ve Sorgulama. Rumeli DE Dil ve Edebiyat Araştırmaları Dergisi. Sayı 30, s. 814-824.

Kişmir, G. (2023). Fictionalizing the Unwitnessed History in German Literature: A Case of Marcel Beyer. TOBİDER International Journal of Social Sciences Sayı 7/2.

Kişmir, G. (2023). Valediction of 68ers' generation to Berlin in Uwe Timm's novel "Rot". Rumeli DE Dil ve Edebiyat Araştırmaları Dergisi. Sayı 34, s. 985-993.

Öke, M. K. (1988). Güney Asya Müslümanlarının İstiklâl Davası ve Türk Millî Mücadelesi. Ankara: Kültür ve Turizm Bakanlığı Yayınları.

Özcan, A. (1997). Panislamizm Osmanlı Devleti Hindistan Müslümanları ve İngiltere (1877–1924). Ankara: İsam Yayınları.

Polat, M. (2007). Hilal-i Ahmer Teşkilatı'nın Kuruluşu ve Teşkilatlanması. Yüksek Lisans Tezi. Elâzığ: Fırat Üniversitesi Sosyal Bilimler Enstitüsü Tarih Anabilim Dalı.

Yeniaras, O. (2000). Türkiye Kızılay Tarihine Giriş. İstanbul: Kızılay Bayrampaşa Şubesi Yayınları.

http://arsiv.kizilay.org.tr/index.php?sf=cntnt&id=3 adresinden erişilmiştir. (Erişim tarihi: 01.05.2024).



[۱] بھارت میں غیر مسلموں کی طرف سے وسطی ایشیا سے آنے والے تمام لوگوں کو منگول کہلاتے ہیں لیکن مغول اور ترک ایک ہی معنی میں استعمال کیا جاتا ہے۔ بابر کی خاندان دراصل ترک ہیں، منگول نہیں۔